Lesson No 56 Root words.

والعبدوا ← عبد سے ① پوجا / پرستش
② اطاعت
③ بندگی / غلامی

والقربیٰ ← قرب سے قریبی / رشتے دار

والیتمیٰ ← یتیم - ی ت م جن کے والد نہ ہوں وہ چھوٹے بچے

والجار ← ج - و - ر ← پڑوسی / ہمسایہ (جُنُب)

الجنب ← ج - ن - ب ① جنب (پہلو / کروٹ / طرف) ② اجنبی / کنارے

اسم جنس واحد / تثنیہ / مذکر / مونث / ناپاکی / ایک طرف ہونا

مجاز + مسجد + قرآن سے دور

مختالا ← خ - ی - ل ← خواب یا شیشے میں نظر آنے والی شکل

تخیل ← تکبر ← تخیل کرنا - تصور باندھنا - تکبر کرنا۔

خیل ← گھوڑے پر سوار دونوں کیلئے خود کو اعلیٰ سمجھنا / کسی کو خاطر میں نہ لانا۔

## اترانے کیلئے ⑨ الفاظ قرآن میں

فرح ← کسی نعمت پر دل سے شکر ادا کرنا۔ ← اچھا / برا

بطر ← نعمت کی فراوانی پر بہک جانا۔

مرح ← خوشی ملنے پر ناز و ادا سے جھومنا

مختالا ←

فخورا ← فخر ایسی بات پر شیخی بگھارنا جس پر آپ کا مقصد نہ ہو۔ جیسے حسب نسب پر / باپ کی دولت پر

بخل ← دوسروں پر بھی خرچ نہ کرنا۔ / ضرورت کی جگہ پر استعمال نہ کرنا۔

رئاء ← ر - ء - ی ← خواب / Dream

قرینا ← ق - ر - ن ← ہم زمانہ لوگ / ایک عمر کے لوگ۔

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

خمر ← شراب سکٰرٰی ← مرض کی حالت

سورۃ النساء سورۃ البقرہ

دو چیزوں کو ایک رسی کے ساتھ باندھ کر جوڑنا / دوست / ہم نشیں قرآن ← بُرے مفہوم شیطان ساتھی۔ / ساتھ رہنے والے

**مثقال** ← ث - ق - ل ← بوجھ کیلئے / ابوجھل / بھاری

**تسوی** ← س - و - ی ← برابر کرنا / ہموار کرنا۔ ایک جیسا کرنا

**سکرٰی** ← س - ک - ر ← نشہ اور چیزوں کیلئے / اسکے لیے

**عابری** ← ع - ب - ر ← عبور کرنا / گزر جانا۔ پانی سے بھی گزرنے

**تغتسلو** ← غ - س - ل ← غسل کرنا۔

**الغائط** ← غ - و - ط ← گڑھے کو - نشیبی جگہ - نچلی جگہ کیلئے
عرب کے لوگ رفع حاجت کیلئے نچلی جگہ پر چھپ کر اپنی ضرورت پوری کرتے تھے۔ قضائے حاجت ← ساتھ روح

غفر ← گڑھا کھودنا (1) پہاڑ پانی کے بہاؤ (2) عین ← چشمہ ← پہاڑوں + زمین کے درمیان

اخدود ← بڑا گڑھا - (3) سراج ← سورج کی گرمی ← پانی کا ذخیرہ وادی ← پہاڑوں کے درمیان ذخیرہ

**فتیمموا** ← ی - م - م ← پانی کے ذخیرے کو - / ارادہ کرنا
پانی کا مناسبت ہر اذخیرہ ← جو نشیبی علاقے کی طرف بہہ رہا ہو۔ / ارادہ کر لینا۔ / تیمم کرنا۔

ص - ع - د

**صعیدا** ← مٹی کیلئے ← سراب ← اوپر چڑھنا۔ الصعود ← زمین کا بالائی حصہ اور اس پر گردوغبار مشکل سے۔
کیلئے صحیح کا لفظ

**فامسحوا** ← م - س - ح ← ہاتھ پھیرنا حضرت عیسیٰ

**عفوا** ← ع - ف - و ←

**غفورا** ← غ - ف - ر ←

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner

- حضرت عبدالرحمن بن عوف کے گھر دعوت کے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ← سورۃ الکافرون پڑھتے وقت (موجود تھے) غلطی کی تھی تو یہ آیت اتری تھی۔ 'ولا' کی بجائے 'نحن' کہہ دیا تھا۔

<u>مسح کا طریقہ</u> = مٹی Anti-Bacterial ہوتی ہے۔

چہرہ اور ہاتھ صرف، کچھ مفسرین کے مطابق کہنی تک

سورۃ النساء ← حقوق العباد پر تاکید عورت + یتیم
مرد کو قوام بنانے کے ساتھ حقوق پامال نہ کرے۔

**Tafseer lesson NO 56 36 - 43**

36 بندگی کرو → اللہ رب العزت کی ذات، صفات، اختیارات
احکامات میں پیروی کرنا۔

تم حکم جانتے ہو یا نہیں + بوڑھے ہو یا جوان + دل مانے یا نہیں ← اطاعت کرنی پڑے گی

**← دنیا کی بجائے اللہ کے محاسبے سے ڈرنا چاہیے۔**

خالق مخلوق حاکم محکوم حاسب حسیب

والدین کے ساتھ احسان

جسمانی خدمت ترش آواز نہ استعمال کریں۔ اف نہ کریں۔

حسب ضرورت مال خرچ کریں۔

والدین کا دل دکھانا ← گناہ کبیرہ ہے۔

ماں باپ کو خوش رکھنے کیلئے ہر کام کیا جائے ان کی بدسلوکی کے جواب میں بہتر طریقے سے پیش آنے کو کہا گیا۔

## حضرت حارثہ بن نعمانؓ

* آپؓ نے جنت میں قرآن کی تلاوت سنی۔ آپؐ نے کہا ماں باپ کے ساتھ بھلائی ایسی ہی جزا ہے۔

## حدیث

ایک شخص سے بہت بڑا گناہ ہوگیا + کیا ماں ہے بولا نہیں کیا خالہ ہے بولا ہاں کہا اُن کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

**ماں کے قدموں تلے جنت**
**باپ جنت کا دروازہ**
**باپ کی رضا رب کی رضا۔**

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner

رشتے داروں کے حقوق جانی + مالی مدد مالی بھی + مدد بھی کرنی ہے۔ خود حسن سلوک کرنا ہے۔ ان کے رویے پر نہیں

**صلہ رحمی کرنی ہے۔**

جو اللہ کے ڈر سے قطع رحمی سے پرہیز کرے۔

ولا تنسوا الفضل بینکم

★ حضرت طلحہؓ نے اپنا باغ دیا ← جو آپؐ نے کہا بجائے بھوں

لن تنالو البر ۔ ۲ میں تقسیم کر دو۔

★ حضرت زبیرؓ نے اپنا پسندیدہ گھوڑا لے کر آئے وہ بڑے ہیں البر جانتے تھے۔ جو آپؐ نے ان کے ہی بیٹے کو دے دیا۔ کیا میرا صدقہ میرے گھر آ گیا۔

**3 قسم کے پڑوسی** ← ان سب کو ایک دوسرے پر **حقوق حاصل ہیں**

① پڑوسی + رشتہ دار ② پڑوسی + اجنبی ③ پڑوسی + پہلو کے ساتھی

قربت کی وجہ سے آپ زیادہ تکلیف بھی ایک دوسرے کو دیتے ہیں۔ ایک دوسرے کو راز جانتے ہیں۔ جو ضرورت پڑنے پر بھی دو ہیں

## احادیث

★ **حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ آپؐ نے کہا کہ ہمسائیوں کی تین اقسام ہیں۔**

① مشرک ہمسایہ 1 حق ② ہمسایہ + پہلو کے ساتھی 2 حق ③ ہمسایہ + رشتہ دار 3 حق حاصل ہیں

★ کوئی ہمسائی کسی دوسرے کے لئے تحفہ کو حقیر نہ سمجھ جائے بکری کا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

* حضرت عائشہؓ نے پوچھا کہ ایک تحفہ میں دونوں میں سے کس کو بھیجوں فرمایا جسکا دروازہ زیادہ قریب ہے۔

**(بخاری)**

آپؐ نے فرمایا

* **ہمسائے کا حق** بیمار ہو تو عیادت کریں۔ مر جائے تو جنازے میں جاؤ۔ قرض مانگے تو حیثیت کے لحاظ سے دو۔ برے کام پر پردہ پوشی کرو۔ نعمت ملنے پر مبارکباد۔ دکھ ہونے پر دلجوئی کرو۔ اپنی گھر کی عمارت اس کے گھر سے بلند نہ کرو کہ اس کی ہوا رک جائے۔ اپنے گھر کی ہانڈی سے اسکے دل کو اذیت نہ دے تھوڑا سا ان کے گھر بھی بھیج دے۔

اللہ کے نزدیک

* آپؐ نے فرمایا۔ ۱۔ بہترین دوست وہ جو دوست کیلئے بہترین ہے اور بہترین پڑوسی وہ جو پڑوسی کیلئے بہترین ہے۔

* آپؐ نے فرمایا کہ حضرت جبرائیلؑ مجھ پڑوسی کے حقوق کے بارے میں اتنی ہدایت کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے لگا کہ وراثت میں بھی حصہ دے دیا جائے گا۔

**بخاری۔**

* آپؐ نے فرمایا وہ مسلمان نہیں جو خود پیٹ بھر کھانا کھائے اور ہمسایہ بھوکا رہے۔

## ہمسائے کے حقوق

① سلام میں پہل کرنا ② اکتا دینے والی لمبی گفتگو نہ کرو۔
③ بے وقت تنگ نہ کرنا۔ ④ مزاج پرسی کرو۔ ⑤ عیادت کرو۔
⑥ اظہار ہمدردی کرنا مصیبت میں ⑦ بار بار خیال کرنا۔ ⑧ موت کے وقت خبر گیری کرنا ⑨ غلطیوں سے درگزر کرنا۔
⑩ اپنی چھت سے اس کے گھر نہ جھانکنا ⑪ اپنا کوڑا کرکٹ اسکے گھر

Scanned with CamScanner

کے سامنے نہ دکھنا (12) اپنا پرنالہ اسکے گھر کی طرف نہ رکھنا

Through Sheerack, Garbage - (13) اسکے گھر کا راستہ تنگ نہ کرنا

~~Through~~ (14) اگر بچہ کچھ اپنے گھر لے کر جائے

تو گھور کر نہ دیکھو ۔ (15) غیبت چغلی نہ کرنا (14) اسکی عزت پر

نظر نہ ڈالنا ۔ (16) اسکے ملازم اور گھر کی طرف نظر نہ کرنا۔

مطلب بات نہ پوچھنا اُن کے گھر کی ۔ (18) دین سے دور

ہمسائے کی راہنمائی کرنا۔

## حدیث

★ آپؐ نے فرمایا ایک شخص نے کہا فلاں عورت کہ روزے اور نماز کا بڑا چرچا ہے اور زبان سے پڑوسی کو اذیت دیتا۔ کیا وہ جہنم جائے گی ۔ پھر کہا کہ وہ ایک فلاں عورت جو نماز ادا کرتی اور زکوۃ میں پنیر کے ٹکڑے دیتی ہے اور پڑوسی کے ساتھ بہت اچھی ہے وہ جنت میں جائے گی۔

چالیس گھر تک اردگرد = ہمسائے ہیں۔

پہلو کے ساتھی → لائن میں کھڑے ساتھیوں، class fellow

تھوڑی دیر کے ساتھی ← انکو انکا حق دے دیں۔

★ **حضرت عبداللہ بن عباسؓ** کہتے ہیں کہ آپؐ اتنی محبت کرتے تھے کہ مجھے لگا مجھ سے زیادہ محبت کرتے ہیں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ ان سے زیادہ محبت کرتے تھے ۔ میں نے سوال پوچھا

## مسافر کے حقوق

مہمان کی اچھی میزبانی + مسافر کے حقوق جو آپکے ساتھ ہوں

### مہمان کے حقوق میزبان کا فرض

(1) خوشی کا اظہار اسکی آمد پر (2) استطاعت کے مطابق خاطر داری

(3) اسکی عزت کی حفاظت

Scanned with CamScanner

## مہمان کا فرض میزبان کے حقوق

① مہمان کو ستائے نہ ② لمبی مدت تک نہ ٹھہرے ③ موقع کو دیکھ کر جائے ④ جاتے ہوئے شکریہ ادا کرے ⑤ اس کے ~~مفید~~ ~~دعا کرے~~ اس کے لیے دعائے خیر کرے۔

## حدیث

آپ ﷺ نے فرمایا

* جو شخص اللہ رب العزت پر اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔ ① اچھی بات کہے یا خاموش رہے ② اپنے مہمان کی خاطر داری کرے ③ اپنے ہمسائے کی تعظیم کرے۔

**(امام مسلم)**

## حدیث سے پتہ چلتا ہے۔

* مہمان نوازی ③ دن کی ہے۔ اور جو کچھ میزبان خرچ کرے صدقہ ہے۔
* کسی مسلمان شخص کے لیے جائز نہیں کہ وہ میزبان کے گھر ٹھہرے یہاں تک کہ اسے گنہگار کر دے + پوچھا یہ کیسے گنہگار کرے گا + اس کے پاس کچھ نہ بچے جس سے مہمان داری کر سکے۔

آزاد کردہ حبشی غلام

* حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ میرے اور بلال حبشیؓ کے دوران سخت کلامی + میں نے ان کو ماں کی عار دلائی + کہا کہ اے کالی ماں کے بیٹے + انہوں نے آپ ﷺ کو بتا دیا کہا کہ تم میں اب تک جہالت باقی ہے + جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ + ان کو ایسے کام نہ کہو جو ان کے لیے بھاری ہیں ورنہ خود مدد کرو۔ **(بخاری)**

* غلاموں پر تہمت نہ لگاؤ۔ اگر وہ اس سے بری ہو تو قیامت کے دن کوڑے لگائے جائیں گے۔ **(بخاری)**
* اگر لونڈی کو اچھی تعلیم و تربیت دے کر آزاد کر کے نکاح کرے تو دوہرا ثواب ہے۔

Scanned with CamScanner

* اپنے غلاموں کو عبد اور عبدہ نہ کہو۔ (امام مسلم)
انکے نام کے ساتھ یہ ملازم لگا دو۔

* حضرت ابو مسعودؓ کہتے ہیں اپنے غلام کو کوڑے مار رہا تھا + پیچھے سے آواز آئی + ابو مسعود جان لو جان لو + غصے کی وجہ سے آواز نہ پہچانی + جب قریب آئے پیبت کی وجہ کوڑا گر گیا + کہا آپؐ نے کہا جتنی قدرت تم کو غلام پر اس سے زیادہ اللہ کو تم پر ہے + میں نے ارادہ کیا آئندہ نہ ماروں گا۔

* حضرت ابو مسعودؓ کہتے ہیں یہ غلام اللہ کی طرف سے آزاد ہے آپؐ نے کہا اگر ایسا نہ کرتے تو جہنم عذاب دیتا۔
(امام مسلم)

* حضرت عمر بن عبد اللہؓ کہتے ہیں کہ ایک شخص آیا کہ میں اپنے غلام کو کتنی دفعہ معاف کیا کروں؟ - 3 دفعہ پوچھا تو کہا کہ ایک دن میں ۷۰ دفعہ معاف کرو۔ (ابو داؤد روایت)

* غزوہ بدر کے قیدیوں سے بہت اچھا سلوک کرنے کا حکم تھا۔
* غلام خود کہتے ہیں کہ انصار خود کھجور کھاتے اور ہمیں روٹی کھلاتے تھے۔
* حضرت عمرؓ حضرت بلالؓ کو سیدنا بلال کہہ کر پکارتے تھے۔
• حضرت زید بن حارثہ        محمود غزنوی → آزاد کردہ غلام
• آپؐ نے فرمایا اگر کسی ناک کٹے غلام کو تمہارا حکمران بنا دیا جائے تو تب تک اسکی بات ماننا جب تک اللہ کی تعلیمات دے۔

* حقوق کی ادائیگی میں احسان والی کیفیت لانے کیلئے
شکر گزاری + عاجزی و انکساری ضروری ہے۔

Scanned with CamScanner

تاریخ میں بہت سے آزاد کردہ غلام مشہور حکمران رہے ہیں۔
محمود غزنوی ← آزاد کردہ غلام ، غلاموں نے کئی سال ہندوستان پر حکومت کی ہے۔

بخل + فخر ← سے آپ اچھا انسان نہیں بن سکتے
بخیل ہونے کی اصل وجہ ← اللہ کے دیے رزق کو اپنا کرشمہ سمجھنا۔

37 • بخل + فخر + کرنے والے کون ہیں؟
بخیل ← دوسروں کے حق ادا نہیں کرتے اور کنجوسی سے پیسے خرچ کرنا۔ "ان کے قول و فعل سے دوسروں کے حق ادا نہیں ہوتے۔ حقوق مالیہ ادا نہیں کرتے۔"

شان نزول
یہ آیت یہود مدینہ کیلئے نازل ہوئی جو مال خرچ کرنے اور علم ظاہر کرنے دونوں میں بخیل تھے۔

## انفاق کی فضیلت + بخل کی مذمت / ممانعت پر حدیث

* حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ آپ نے فرمایا
کہ ہر صبح کے وقت دو فرشتے نازل ہوتے ہیں
ایک کہتا ہے کہ "اے اللہ بھلائی کے راستے میں خرچ کرنے والے کو اچھا بدلہ دے"
دوسرا کہتا ہے کہ اے اللہ بخیل کی مال و دولت کو تباہی سے ہمکنار کر۔ (بخاری + مسلم)

* حضرت اسماءؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا
"اے اسماء خیر کے راستے میں خرچ کیا کر اور گن گن کر نہ دے۔ ورنہ اللہ بھی تمہارے حق میں گن گن کر دے گا۔ اور انفاق سے منع کرنے کیلئے بہت زیادہ حفاظت نہ کر۔"

ورنہ اللہ بھی حفاظت کرنا شروع کر دے گا اور کم از کم تجھ سے جو ہو سکا دینے سے دریغ نہ کیا کر۔"

* ترمذی کی روایت رسول ﷺ نے فرمایا کہ

"سخی اللہ سے بھی قریب + جنت کے بھی قریب + لوگوں کی نظروں میں بھی پسندیدہ + جہنم کی آگ سے بھی دور ہے۔ بخیل اللہ + جنت + لوگوں سے بھی دور + جہنم کی آگ کے قریب

اور جاہل آدمی جو سخاوت کرتا ہے اور فرائض کو ادا کرے اور محرمات سے بچنے کا ~~اہتمام~~ اہتمام کرتا ہے۔ اس کنجوس سے بہتر ہے جو عبادت گزار ہو۔"

"ویکتمون ما آتٰھم اللہ" اور جو اللہ نے دیا ہے اسکو چھپانے۔

" یعنی اللہ نے جو صلاحیتیں دی ہیں مال دیا ہے رزق دیا ہے جو اسکی حیثیت بنتی ہے اس سے ~~بچ~~ نیچے گرا ہو۔ نہ خود پر خرچ کرے نہ بیوی بچوں پر۔ نہ دوسروں پر نہ اللہ کی راہ میں اور لوگ یہ سمجھتے کہ بیچارا بڑا ہی خستہ حال ہے۔ یہ اللہ رب العزت کی سخت قسم کی ناشکری ہے"

حدیث

* آپ ﷺ نے فرمایا جب کسی بندے کو اللہ نعمت دیتا ہے تو پسند کرتا ہے کہ اس نعمت کا اثر بندے پر ظاہر ہو۔ یعنی کھانے پینے، لباس، اوڑھنے بچھونے پر ظاہر ہو۔ گھر بار سے بھی۔

* حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا۔
جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہو۔ حاضرین میں سے ایک نے سوال کیا کہ لوگ چاہتے ہیں کہ اُن کے کپڑے اچھے ہوں جوتے اچھے ہوں۔ تو کیا یہ بھی تکبر ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تکبر نام ہے۔
"حق کو رد کرنے کا اور لوگوں کو ذلیل سمجھنے کا"
اللہ نے جس چیز سے بھی نوازا ہے اسکا اثر آپ کے اوپر نظر آنا چاہیے۔
نعمتوں کو چھپا کر رکھنے والے / ناشکری کرنے والے کہلائے۔ عذاب مہین ہے۔
38 ← دکھاوے کیلئے خرچ کرنے والے
جہاں دکھاوے / نمائش کا موقع ہوتا ہے وہاں خرچ کرتے ہیں اور ایسے لوگ **منافق ہوتے ہیں۔**
جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ آخرت پر
بخل + تکبر میں مبتلا ہوتے ہیں۔
جو دل + سینے اللہ + آخرت کے ایمان سے خالی ہوتے ہیں اُن کے دل میں ایمان کی کمی + اعمال بار آور نہیں ہوتے۔

39 ← رسول ﷺ نے فرمایا دو عادتیں کسی مومن میں اکٹھی نہیں ہو سکتیں بخل + نفاق۔
دیا کرنے کی وجہ۔ دنیا کو زیادہ سے زیادہ چاہنا۔
40 ← اللہ رب العزت نیکیوں کی قدر کرنے والا ہے کئی گنا بڑھا کر اجر دیتا ہے
پھر دکھاوا کیوں ہے

* آپؐ نے فرمایا۔
اللہ رب العزت فرماتے ہیں میں شرک سے بالکل بے نیاز ہوں جو شخص کوئی نیک عمل کرتا ہے اور میرے ساتھ کسی کو شریک ٹھیراتا ہے تو میں اسکا عمل چھوڑ دیتا ہوں اور اسکو بھی چھوڑ دیتا ہوں۔

+ حدیث آپؐ نے فرمایا۔
نماز + روزہ + صدقہ ← جس نے بھی دکھاوے کیلئے کیا اس نے شرک کیا۔ شرک کیا۔

جنت ہماری نیکیوں کی وجہ سے تھوڑی ملے گی اللہ کی طرف سے انعام ہوگا۔

41 ← ہر دور کا پیغمبر اپنے لوگوں پر گواہ ہوگا اور اسی طرح آپؐ بھی گواہ بنیں گے۔

سخت آیت - اللہ کی عدالت + میدان حشر کی کیفیت - سوال جواب - کیا تم نے حق ادا کر دیا؟ دین لوگوں تک پہنچا دیا؟
رسولوں سے پوچھا جائے گا۔ اس دن سارے نافرمان، انکار کرنے والے چاہیں گے۔

42 ← کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائیں اور وہ برابر ہو جائے۔

* یہ وہ ہی آیتیں ہیں جو آپؐ نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے کہا تھا کہ مجھے قرآن سناؤ۔

Scanned with CamScanner
Scanned with CamScanner

میں نے کیا کہ اللہ کے رسول آپ پر وحی نازل ہوتی یعنی کیا میں آپکو قرآن سناؤں۔ کیا مجھے دوسروں سے سننا اچھا لگتا ہے۔ پھر حضرت عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ میں نے **سورۃ نساء کی تلاوت شروع کی۔** جب میں ان آیات پر پہنچا تو کہا عبداللہ بن مسعود بس کرو۔ بس کرو جب میں نے دیکھا تو آپ ﷺ رو رہے تھے۔ آنسو رواں تھے۔

حضرت جبرائیلؑ + ابو موسیٰ اشعریؓ + علیؓ داؤدؑ

## جوابدہی کا احساس

* باقی پیغمبروں میں ایک پیغمبر کے بعد دوسرا پیغمبر لیکن آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی امت کھڑی ہوگی یہ ہی گواہی دینے کہ انہوں نے کیسے عمل کے حق پہنچایا کہ نہیں۔ اسلام کا حق ادا کیا کہ نہیں؟"

## 'سورۃ فصلت آیت نمبر 20'

جب کھڑے ہوں گے تو ان کے کان، آنکھ، ہاتھ گواہی دیں گے۔

* حضرت عیسیٰ سے جوابدہی ہوگی؟
* آپ ﷺ سے سب پیغمبروں سے جوابدہی۔
* کسی کو نہ چھپائیں حق ادا کریں۔

دین + فضل + صلاحیتیں قوتیں اللہ کی عطا کردہ + فریضہ دین + امر بالمعروف ونہی عن المنکر

درایت

## 43 ← اہل ایمان سے مخاطب

سینے میں دل دھڑکتا تو ہے لیکن کیا ایمان ہے ہمارے دل میں؟

| | | |
|---|---|---|
| شراب کا پہلا حکم | سورۃ البقرۃ | 219 |
| شراب کا دوسرا حکم | سورۃ نساء | 43 |
| قطعی حکم شراب کا تیسرا حکم | سورۃ المائدہ | 90, 91 |

شانِ نزول کا واقعہ

* حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے ہمارے لیے دعوت کا انتظام کیا۔ اور ہمیں شراب پلائی۔ شراب نے ہمیں مدہوش کر دیا۔ اتنے میں نماز کا وقت آ گیا۔ انہوں نے مجھے امام بنایا۔ میں نے پڑھا۔

"قل یا ایھا الکفرون ۝ لا اعبد ما تعبدون ۝ ونحن ما تعبدون ۝"

تو اللہ نے یہ آیتیں نازل فرمادیں۔

* حضرت جعفر بن طیارؓ
* حضرت ابوبکر صدیقؓ
* حضرت محمدﷺ

} جنہوں نے شراب کے زمانے میں بھی شراب کو ہاتھ نہیں لگایا۔

**شکریٰ** ← ہر طرح کی نشہ آور چیز، ہر چیز جس سے نشہ آجائے۔ "شکراً ن" نشے میں کو دعت ہونے کو کہتے ہیں۔

**"نماز اس وقت پڑھنی چاہیے جب جانتے ہو کیا تم کہہ رہے ہو۔"**

Scanned with CamScanner

* آپ ﷺ نے یہ بھی کہا
کہ اگر کسی کو نماز میں بار بار اونگھ رہا ہو تو نماز پڑھ کر
سو جائے۔ اور اگر امید ہو کہ نیند لے کر اٹھ کر پڑھ
لے گا۔ تو وہ کر لے۔ اور اگر خطرہ ہو نماز جانے کا تو پڑھ
کر سوئے۔

**جنابت** ← کے معنی دوری اور بیگانگی کے ہیں۔
اجنبی، اجنبی

شریعت میں جنابت کے معنی — نجاست
جو قضائے شہوت یا خواب میں مادہ خارج
ہونے سے لاحق ہوتی ہے اور اسکی وجہ سے آدمی
طہارت سے دور ہو جاتا ہے۔

جنابت
"یعنی طہارت سے دوری"

حیض + مباشرت + احتلام (wet dream) ← غسل فرض

مفسرین کے مطابق
یہاں 'صلوۃ' سے مراد نماز + مسجد دونوں
جنابت کی حالت میں
(عابری سبیل) ← مسجد کے راستے سے گزر سکتا ہے اگر
کوئی راستہ نہیں ہے۔

* سفر کی حالت میں جنابت ہو جائے تو تیمم کر کے نماز
پڑھ سکتا ہے۔ پانی کی کمی کی وجہ سے، قافلہ
سے بچھڑنے کے ڈر سے۔

* **تیمم ایک رحمت + نعمت ہے۔**

Scanned with CamScanner

## آیت کا شانِ نزول

★ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک دفعہ غزوہ بنی مصطلق میں میں نے اپنی بہن حضرت اسماءؓ کا ہار اُدھار لے کر گئی۔ ہار کہیں گر گیا۔ آپؐ نے کچھ لوگوں کو ہار ڈھونڈنے کے لیے لگا دیا۔ نماز کا وقت آ گیا۔ تو پانی نہ تھا تو اللہ سبحان و تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل کر دیں۔

★ حضرت عمرانؓ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ آپؐ نے ایک جگہ پڑاؤ کیا آپؐ نے نماز کے لیے پانی منگوایا اور اذان دے کر نماز ادا کی۔ اس کے بعد آپؐ نے ایک شخص کو علیحدہ بیٹھے دیکھ کر وجہ پوچھی تو اس نے کہا وہ جنبی ہو گیا ہے تو آپؐ نے کہا تم تیمم کر لیتے وہ تمہارے لیے کافی تھا۔
ایک روایت کے مطابق مٹی سے تیمم کروایا۔ (بخاری)

★ حضرت عمار بن یاسرؓ کہتے ہیں۔
آپؐ نے مجھے ایک مہم پر بھیجا میں جنبی ہو گیا یعنی ناپاک پاک ہونے کے لیے پانی نہ تھا۔ میں نے مٹی میں کسی اس طرح لوٹ لگائی جس طرح چوپائے کرتے ہیں۔
آپؐ کے سامنے ذکر کرنے پر آپؐ نے کہا تمہارے لیے اتنا ہی تھا کافی تھا۔ کہ مٹی میں ہاتھ لگا کر پھونک مار کر زائد مٹی اڑا دی بائیں ہاتھ دائیں ہاتھ کی پشت اور پھر اسی طرح اور پھر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے۔
(بخاری)

**تیمم کا مطلب ← قصد کے ہیں۔ ارادہ۔**

① جتنے بھی دینی / شرعی کام ہیں ان کیلئے نیت ضروری ہے۔
② تمام عبادات بھی

پہلی رائے

پہلا ہاتھ مٹی پر مار کر منہ پر پھیرنا
پھر ہاتھ " " کہنیوں تک پھیر لیں۔

دوسری رائے

کہ ایک دفعہ مار کر پھیر لیں۔

تیمم ہر پاک چیز سے ہو سکتا ہے جو مٹی کے جنس سے ہو۔
ریت۔ سیمنٹ۔ پتھر، کنکری
"صعید" ہے مٹی اور مٹی کے جنس سے ہر پاک چیز

# غسل کے فرائض

① نیت کرنا۔ ② تمام اجزا کا دھونا۔

حدیث حضرت علیؓ سے روایت جس نے جنابت کے بعد غسل کرتے ہوئے ایک بال برابر بھی ~~اجزا کو نہ دھویا~~ کوئی جگہ خشک چھوڑ دی تو اللہ سبحان وتعالیٰ ایسے کریں گے ویسے کریں گے۔ یعنی اچھی طرح غسل کریں۔

عورت کا غسل مرد کی طرح ہی ہے بیان۔ حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے کہا کہ میں اپنی چوٹیا کس کر باندھتی ہوں تو کھول دوں آپ نے کہا ③ چلو بھر پانی ڈال لو۔ یعنی اگر جڑ کے بالوں میں پانی جڑ تک پہنچ جائے تو نہ کھولیں ورنہ ضرور کھولیں۔

# وضو کے فرائض

① نیت ② چہرے کا دھونا ③ بازو کا دھونا
④ سر کا مسح کرنا ⑤ پاؤں کا ٹخنوں تک دھونا۔

مٹی کے اندر Natual antibiotic ہیں۔

Scanned with CamScanner